22 مارچ، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم نے حال ہی میں ہائی اسکول عمارتوں کو خود موجودگی (اِن پرسن) تعلیم کے لیے نومبر، 2020 کے بعد پہلی مرتبہ کھولا ہے، اور مجھے کہنا پڑ رہا ہے کہ اسکول کی عمارتوں میں داخل ہوتے وقت ہمارے طلبا کے چہروں پر خوشی حیران کُن تھی۔ ہم ہر عمر کے طلبا کو طبعی کلاس رومز میں باحفاظت تعلیم حاصل کرتے ہوئِے دیکھ کر بہت خوش ہیں۔

اسی لیے میں آپ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے پُرمسرت ہوں کہ ہمارے تمام ریموٹ خاندانوں کو اب اس تعلیمی سال میں مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم میں منتقل ہونے کا ایک اور موقع ملے گا۔ اسکا مطلب ہے کہ اگر آپکا بچہ فی الوقت ہر روز ریموٹ لرننگ کررہا ہے، وہ بقایا تعلیمی سال کے لیے کم از کم ہفتے کے کچھ حصے میں اسکول کی عمارت میں خود موجودگی تعلیم کے لیے آپٹ اِن کر(شامل ہو) سکتا ہے۔ ہم ہر کوشش کریں گے کہ جتنے زیادہ دن ممکن ہوں اِن پرسن تعلیم فراہم کرسکیں۔

مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم کے لیے کب اور کیسے آپٹ ان کریں

- اس بدھ، 24 مارچ سے شروع، آپ اپنے بچے کے لیے مخلوط تعلیم منتخب کرنے کے لیے https://www.nycenet.edu/surveys/learningpreference پر تعلیمی ترجیح سروے پر جاسکتے ہیں۔
- خاندان 311 کو بھی کال کرسکتے ہیں۔
- آپ بدھ، 7 اپریل تک مخلوط تعلیم میں تبدیل کرسکتے ہیں۔

آپ کا طالب علم اسکول کی عمارت میں کب واپس آسکتا ہے

- ضلع کے 3-K، پری کنڈرگارٹن اور گریڈز K-5 کے طلباء، بشمول ضلع 75 کے طلباء، جنہوں نے آپٹ اِن دورانیے میں مخلوط تعلیم کا انتخاب کیا تھا وہ عمارتوں میں اپریل میں واپس آئیں گے۔
- گریڈز 6-12 کے طلبا جنہوں نے اس آپٹ اِن دورانیے میں مخلوط تعلیم کا انتخاب کیا تھا ایک بعد کی تاریخ میں واپس آئیں گے، اور ہم جتنی جلد ممکن ہوا مزید تفصیلات سے مطلع کریں گے۔
- جدید معلومات https://www.schools.nyc.gov/coronavirus پر شائع کی جائیں گی۔

اسکول عمارت میں واپس آنے کی مطلوبات

برائے مہربانی توجہ کریں اگر آپ نے اپنے بچے کے لیے مخلوط تعلیم کا انتخاب کیا ہے، آپ کے لیے اپنے بچے کے خود موجودگی تعلیم کے پہلے دن بلاترتیب COVID-19 ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم جمع کروانا لازمی ہے۔ آپ ٹیسٹنگ کی اجازت دو طریقوں میں سے ایک سے جمع کروا سکتے ہیں:

- اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں 'Manage Account' کے ذریعے، یا
- یہاں پر دستیاب اجازت کے فارم کو مکمل کریں اور دستخط کریں اور اپنے بچے کے اسکول میں انکے اسکول عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن ساتھ لائیں۔

وہ خاندان جنہوں نے مخلوط تعلیم کا انتخاب کیا ہے انکے بچوں سے انکے شیڈول کردہ دنوں میں بذاتِ خود شرکت کی توقع کی جاتی ہے۔

برائے مہربانی توجہ کریں کہ اگر آپکا بچہ فی الوقت مکمل ریموٹ لرننگ کررہا ہے اور آپ سروے کو مخلوط تعلیم کی ترجیح کی نشاندہی کے ساتھ مکمل نہیں کرتے ہیں، آپکا طالب علم (طلبا) مکمل ریموٹ رہیں گے۔

ہم مکمل ریموٹ لرننگ والے طلبا کو عمارت میں تعلیم حاصل کرنے کا یہ اضافی موقع پیش کرنے کے قابل ہیں کیونکہ یو ایس مراکز برائے بیماری پر قابو اور انسداد (CDC) نے اپنے رہنمائی خطوط میں تجدید کی ہے، جو ہمیں ایک کلاس روم میں زیادہ طلبا کو حفاظت سے جگہ دینے کا موقع دیتے ہیں۔

Department of Education
Chancellor Meisha Porter

ہمیشہ کی مانند، ہمارا ارتکاز آپکے بچوں، ہمارے عہد بستہ عملے جو انکو خدمات فراہم کرتے ہیں، اور آپ — انکے خاندانوں کی صحت اور حفاظت پر ہے۔ یہ پہلے دن سے ترجیح رہی ہے، اور ہر اس کام کی رہنمائی کرنا جاری رکھے گی جو ہم کرتے ہیں۔

ہمارے مستحکم صحت اور حفاظت کے طریقوں کی وجہ سے — بشمول ماسک پہننا، ہاتھوں کی صفائی، ہفتہ وار بلا ترتیب COVID-19 کے لیے ٹیسٹنگ، جسمانی فاصلہ، اور مزید — ہماری اسکول عمارتیں تمام شہر میں محفوظ ترین مقامات ہیں۔

ہمیشہ کی مانند، آپکے اعتماد اور شراکت کا شکریہ۔ ہم قوم کو یہ دکھانا جاری رکھیں گے کہ ہمارے ایک ملین طلبا کو بحفاظت تعلیم دینے میں کیا کچھ ممکن ہے — اور ہم ایسا آپ کے بغیر نہیں کرسکتے۔ میں آپکی عہد بستگی کے لیے شکرگزار ہوں، اور اسکے بدلے میں، میں وعدہ کرتی ہوں کہ آپکے بچوں کے لیے ہماری عہد بستگی غیرمتزلزل ہے۔

بخلوص،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر